DOI: https://doi.org/10.52541/fn.v62i4.7430

# سیرت النبی ﷺ کا دعوتی پہلو اور سمعی بصری آلات کا استعمال

سید عزیز الرحمن ۞

# The Da‘wah Aspect of Sīrah and the Use of Audio-Visual Media

**Syed Azizur Rahman** ۞

**ABSTRACT:** This article examines the contemporary need to present the Prophetic biography (Sīrat al-Nabī peace be on him) through modern auditory and visual media, arguing that traditional textual approaches—though rich and indispensable—are no longer sufficient to address the communicative preferences of present-day audiences. The author highlights the declining reading culture, the strong cognitive impact of multimodal learning, and the pressing necessity of conveying the ethical, spiritual, and civilizational dimensions of the Prophet's (peace be on him) life to Muslims and non-Muslims alike through formats that are both accessible and engaging. The study proposes a comprehensive, technologically integrated project termed *"Sīrat Ghar"* (Prophetic Biography Museum), envisioned as an institution that combines physical models, curated image galleries, historical maps, replicas of objects from the Prophetic era, and interactive displays on the evolution of sīrah literature. Central to this proposal is the deployment of virtual reality, augmented reality, and holographic technologies that would enable visitors to experience key spaces, events, and social environments of early Islam without compromising Islamic ethical boundaries concerning representation. The article underscores the museum's potential to serve diverse audiences—including children, the illiterate, women, differently abled individuals, and especially non-Muslims—by offering a credible and immersive platform rooted in scholarly authenticity. Ultimately, the paper calls for collaborative efforts among sīrah scholars, technologists, and relevant institutions to develop a fully realized, ethically guided model through which the Prophetic legacy can be communicated in a pedagogically sound, impactful, and culturally responsible manner.
**Keyword**: Sīrah, Da‘wah, visual media, tradition, modern method

**Summary of the Article:**

This article addresses the contemporary imperative of presenting the Prophetic biography (*Sīrat al-Nabī* peace be on him) through advanced auditory, visual, and digital technologies. It begins by noting that the discipline of sīrah is not merely an academic subject; for Muslims it carries the weight of moral responsibility and religious duty. Throughout history, scholars have adopted

۞ انچارج ریجنل دعوۃ سینٹر (کراچی) سندھ، بین الاقوامی اسلامی یونی ورسٹی، اسلام آباد۔

۞ Incharge Regnal Dawah Center (Sindh) Karachi, Dawah Academy, International Islamic University, Islamabad. (syed.azizurrahman@gmail.com)

multiple methods to convey the life of the Prophet (peace be on him) in ways appropriate to their time. In today's digital era—marked by rapid technological transformation and changing patterns of learning—the author argues that traditional written literature, though foundational, no longer suffices to reach diverse audiences effectively.

**Rationale for Modern Presentation**

The article identifies several compelling reasons for adopting multimodal (audio-visual) methods:

1. **Universal Model of the Prophet (peace be on him):**
   The Qur'an presents the Prophet (peace be on him) as the perfect role model for all humanity. Communicating this universal message to both Muslims and non-Muslims requires clear, accessible, credible, and impactful mediums.
2. **Declining Reading Culture:**
   Particularly in Pakistan and other Muslim societies, reading habits are diminishing. Although extensive sīrah literature exists, many people do not engage with it. Therefore, presenting the sīrah through widely used digital formats becomes essential.
3. **Greater Cognitive Impact of Visual Learning:**
   Visual and auditory experiences influence the human mind more deeply than reading alone. People retain information longer when they see and hear it. Thus, using multi-sensory tools enhances understanding and emotional engagement.
4. **Accessibility for Children and the Illiterate:**
   Audio-visual media makes the sīrah accessible to young children and individuals with low literacy levels who might otherwise remain disconnected from these teachings.
5. **Effective Outreach to Non-Muslims:**
   Instead of giving books, it is more effective to expose non-Muslims or skeptical individuals to interactive environments that narrate the essence of the Prophet's life. Research confirms that audio-visual communication strengthens message delivery and emotional influence.
6. **Proposed Vision: The 'Sīrat Ghar' (Prophetic Biography Museum)**
   Building on the stated objectives, the author proposes an integrated and innovative concept—a "Sīrat Ghar." This museum-like institution would combine historical authenticity with modern technological tools to create a rich, immersive learning experience. It would serve as a comprehensive center for understanding the Prophet's era through multiple dimensions. The main components envisioned include:
   **1. Physical Models (3D Replicas)**

- Models of key events from the Prophet's life: journeys, battles, migration routes, tribal settlements.
- 3D recreations of Makkah and Madinah during the Prophetic era, showing houses, streets, markets, and mosques.

- Geographical layouts showing the real routes and locations of historical events.

**2. Image Galleries**

- Curated collections of authentic historical photographs connected to Islamic heritage.
- Visual documentation of early Islamic architecture, tools, artifacts, and archaeological findings.
- Images arranged to reveal the cultural, social, and civilizational atmosphere of the 7th-century Arabian Peninsula.

**3. Maps**

- Historically verified maps illustrating the geography of the Hijaz, travel routes of the Prophet ﷺ, and locations of battles and expeditions.
- Modern 3D mapping technologies to bring these historical routes to life.

**4. Replicas of Artifacts**

- Accurate reproductions of items used during the Prophet's (peace be on him) time—such as swords, shields, scales, and measurement tools like *ṣāʿ*.
- This section provides tangible connections to daily life in the Prophetic era.

**5. Profiles of Key Figures**

- Organized displays of the Prophet's companions, scribes, ambassadors, governors, and prominent personalities.
- Short bios to help visitors understand the social and administrative structures of early Islam.

**6. History and Development of Sīrah Literature**

- Interactive displays illustrating:
  - Early sources of sīrah
  - Medieval contributions
  - Modern trends
  - Contributions of the Indian Subcontinent
- Touch-screen interfaces allow visitors to access detailed information on major works and authors.

**7. Immersive Technologies: VR, AR, and Holography**

These technologies form the innovative heart of the project:

- **Virtual Reality (VR):**
  Provides 3D simulations of Makkah's markets, migration pathways, or early Madinan society—without depicting sacred personalities.
- **Augmented Reality (AR):**
  Integrates digital layers onto physical models to enhance learning.
- **Holographic Experiences:**
  Presents dramatizations of historical events—such as the building of Masjid Nabawi, the migration stages, or scenes from battles—while maintaining Islamic ethical norms.

Such immersive experiences would allow visitors to feel the historical environment as if they were present, thereby deepening comprehension and empathy.

**Broader Educational and Social Objectives**

The "Sīrat Ghar" aims to reach multiple audiences:

- Children and youth
- Adults and professionals from various fields
- Women
- Individuals with visual or auditory impairments
- Non-Muslims seeking authentic information about Islam

Additionally, the project seeks to highlight the multifaceted nature of the Prophet's (peace be on him) life—religious, social, political, economic, military, ethical—and present it in ways tailored to specific groups, such as traders, administrators, or community leaders. The article concludes that a technologically advanced, ethically grounded, and academically sound Prophetic Biography Museum would represent a groundbreaking contribution to sīrah education. By merging traditional scholarship with cutting-edge media, such an institution could provide an immersive, credible, and emotionally compelling encounter with the life of the Prophet (peace be on him). The author stresses that to safeguard Islamic values and authenticity, this project must be executed through collaboration among sīrah scholars, technologists, designers, and relevant institutions.

Overall, the study underscores that the effective communication of the Prophet's (peace be on him) message in the modern age depends on using the very tools that shape contemporary perception—sound, visuals, interactivity, and immersive experience—while firmly upholding scholarly rigor and reverence.

## تمہید

سیرت طیبہ ایک وسیع مضمون ہے جسے پیش کرنے کے لیے ہر دور میں نئے تجربات کیے گئے ہیں اور ہر دور کے تقاضوں کو پیش نظر رکھا گیا ہے۔یہیں سے سیرت نگاری میں اسالیب کی بحث بھی متعارف ہوئی جس پر علاحدہ سے بہت کچھ لکھا جاچکا ہے۔ سیرت طیبہ بہ طور مضمون اور فن بھی محض ایک مضمون نہیں ہے، بلکہ وہ اہل ایمان کے لیے ایک ذمے داری اور ایک مذہبی فریضے کا مقام رکھتا ہے۔اس بناپر آج کی ڈیجیٹل دنیامیں سیرت طیبہ کو پیش کرنے کے لیے جدید سمعی اور بصری ذرائع اور آلات کا استعمال نہایت ناگزیر ہے۔اس ذمے داری کا احساس دنیا بھر میں بہت سے اداروں میں پایا جاتا ہے، جس کے تحت انھوں نے بہت سے اقدامات کیے ہیں، جن کی بہت سی شکلیں ہمارے سامنے موجود ہیں، لیکن اس میدان کی وسعتوں کو دیکھتے ہوئے بہ طور مسلمان ہماری دعوتی ذمے

داریوں اور اب تک کے تجربات کے پیش نظر ایسے بڑے وسیع منصوبے کی ضرورت ہے، جو متعدد پہلوؤں کا حامل ہو اور بہت سی جہات رکھتا ہو۔ نیز تمام تر تکنیکی مہارتوں سے آراستہ ہونے کے ساتھ ساتھ وہ مکمل استناد کا حامل بھی ہو۔

یہ موضوع جہاں تکنیکی نوعیتوں کی مہارتیں چاہتا ہے، وہیں اس پورے خاکے کو کاغذ پر منتقل کرنا بھی دشوار امر ہے۔ سر دست اس ضرورت کا صرف احساس دلانا ہی مقصود ہے اس موضوع کا مکمل خاکہ پیش کرنا مطلوب بھی نہیں۔ اس لیے ذیل کی سطور میں ہم اس حوالے سے چند گزارشات نکات کی صورت میں عرض کرنے کی کوشش کریں گے۔

## مقاصد

آغاز میں ضروری ہے کہ اس اہم منصوبے یعنی اس امر کے بنیادی مقاصد بھی واضح کیے جائیں کہ سیرتِ طیبہ کو دعوتی پہلوؤں سے جدید سمعی، بصری اور صوتی آلات کے ذریعے کیسے پیش کیا جا سکتا ہے۔ چناں چہ اس پورے خاکے کے مقاصد کو چند نکات کی صورت میں اس طرح بیان کیا جا سکتا ہے:

الف: ہم یہ بات جانتے ہیں کہ قران کریم میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اسوہ حسنہ کو ایک عملی نمونے (Role model) کے طور پر پیش کیا گیا ہے۔[۱] اس کا مفہوم یہی ہے کہ قیام قیامت تک آنے والے ہر ہر شخص کے لیے اگر کوئی ذات دائمی بنیادوں پر نمونہ عمل بننے کی صلاحیت رکھتی ہے تو وہ صرف ذات رسالت ماب علیہ الصلاۃ والتسلیم ہے۔ رسول اکرم ﷺ کی اس حیثیت کو مسلم مان کر پھر تمام غیر مسلم دنیا کے سامنے پیش کرنا ہماری ذمے داری ہے۔

ب: مسلمانوں کے ہاں مجموعی طور پر بھی اور خاص ہمارے ملک مملکت خداداد پاکستان میں پڑھنے کا رجحان آئے روز کم ہوتا دکھائی دیتا ہے۔ ان حالات میں سیرت طیبہ کے حوالے سے جس قدر لٹریچر ہی کیوں موجود نہ ہو بڑی تعداد میں اس سے استفادے کا امکان کم نظر آتا ہے، اس لیے بھی ضرورت محسوس ہوتی ہے کہ لوگ جس فارمیٹ کو زیادہ پسند کر رہے ہوں یا جو فارمیٹ زیادہ ان کے استعمال میں ہو، سیرت طیبہ کے لیے بھی اسے اختیار کیا جائے اور بیان سیرت میں اس سے بھرپور استفادہ کیا جائے۔

ج: اہم ترین بات یہ ہے کہ بہت سی باتیں پڑھنے سے زیادہ دیکھنے سے انسانی مزاج پر اثر انداز ہوتی ہیں اور

---

۱۔ القرآن،۳۳: ۲۱۔

کسی درست فیصلے تک پہنچنے میں بھی دیکھنا زیادہ معاون ثابت ہوتا ہے،[۲] نیز دیکھ کر اور سن کر باتوں کو دل و دماغ میں زیادہ عرصے تک محفوظ رکھنا بھی ممکن ہوتا ہے،[۳] اس لیے سمعی بصری اور صوتی آلات کا استعمال خاص سیرت کے دعوت مقاصد کے لیے بھی زیادہ مفید محسوس ہوتا ہے۔

د: بالخصوص ناخواندہ افراد اور چھوٹے بچے جو ابھی زیادہ معیاری تعلیمی مراحل میں نہیں پہنچ سکے، اگر ان ذرائع سے سیرت طیبہ کا بنیادی مواد اخذ کر سکیں تو آئندہ کی زندگی میں ان کے لیے اس وقت دیکھی ہوئی تفصیلات بنیادی رہ نما ثابت ہو سکتی ہیں۔

ھ: کسی بھی غیر مسلم کو یا ایسے شخص کو جو سیرت طیبہ کے حوالے سے یا ذات رسالت مآب علیہ الصلاۃ والتسلیم کے سلسلے میں کسی تذبذب کا شکار ہے، کتاب پڑھانے سے زیادہ آسان ہو گا کہ اسے کسی ایسی جگہ سے گزار دیا جائے جہاں سیرت کا بنیادی لوازمہ موجود ہو، یقیناً اس کے اثرات اس کی زندگی میں مثبت پڑ سکتے ہیں، کیوں کہ یہ بات تو اب تحقیق سے ثابت ہے کہ بصری اور صوتی اثرات کے ذریعے کسی بھی پیغام کا پڑھنے کی بہ نسبت زیادہ بہتر ابلاغ ممکن ہے۔[۴]

مقاصد کے بعد اس پورے منصوبے کے اہداف بھی ہمارے سامنے ہونے چاہیں، چناں چہ اہداف بھی چند نکات کی صورت میں پیش کیے جا سکتے ہیں:

## اہداف

ذیل میں اس پورے خاکے کے اہداف بھی الگ سے پیش کیے جاتے ہیں، جن میں ضرورت کے مطابق مزید اضافہ ممکن ہے:

---

2. Eberhard, K. The effects of visualization on judgment and decision-making: (2023) a systematic literature review, Management Review Quarterly 73: Page: 167–214. https://link.springer.com/article/10.1007/s11301-021-00235-8.
3. Sharma, Vinod. (2024). VISUALIZATION - AN AMAZING PROCESS TO REMEMBER PERMANENTLY. ShodhKosh: Journal of Visual and Performing Arts. 5. https://www.researchgate.net/publication/384194735
4. Kosminsky, Doris & Walny, Jagoda & Vermeulen, Jo & Knudsen, Søren & Willett, Wesley & Carpendale, Sheelagh. (2019). Belief at first sight: Data visualization and the rationalization of seeing. Information Design Journal. 25. Page: 43-55. https://www.researchgate.net/publication/340052969.

الف: اس پورے خاکے کا بنیادی مقصد محض لوگوں کو سیرت طیبہ کی تعلیم دینا نہیں، بلکہ سیرت طیبہ کے حوالے سے یہاں وسیع تناظر پیش نظر ہے، چناں چہ عہدِ نبوی پھر عہد مکی اور عہد مدنی، عرب اور عرب جاہلی، عرب کا قبائلی نظام اس کے علاوہ متعلقاتِ سیرت میں بہت سی ایسی تفصیلات ہیں جو عوام الناس کی دل چسپی کی بھی ہیں اور اس میں ہم سب کے لیے سیکھنے کا بھی بہت سا سامان ہے، جیسے رسول اللہ ﷺ کے شمائل اور آپ کے استعمال کی چیزیں۔ پھر آپ علیہ الصلاۃ والتسلیم کے متعلق مختلف افراد یعنی آپ کا قبیلہ، خاندان، ان کی شخصیات آپ کے متعین کردہ نائبین، امرا، سفرا، کاتبین اور عاملین وغیرہ۔

ب: پھر سیرت نگاری خود ایک بہت بڑا موضوع ہے، سیرت نگاری کے مختلف پہلو، خصوصاً بنیادی عربی سیرت نگاری اور آپ علیہ الصلاۃ والتسلیم کی سیرت کے حوالے سے برعظیم پاک وہند میں ہونے والے کام کا خاکہ پیش کرنا بھی اسی منصوبے کا ایک حصہ ہوگا، جس میں سیرت اور متعلقاتِ سیرت کے مختلف پہلوؤں پر لکھی گئی کتب کا تعارف، منہج اور اسلوب بیان کیا جا سکتا ہے۔

ج: اس خاکے کے بنیادی اہداف میں بچوں نوجوانوں عمر رسیدہ افراد کے ساتھ ساتھ خواتین اور پھر خصوصیت کے ساتھ غیر مسلموں تک سیرت طیبہ کو پہنچانا شامل ہے۔

د: نیز اس کا ایک حصہ سماعت سے محروم حضرات کے لیے، اسی طرح نابینا افراد کے لیے بھی مختص ہوگا۔ نابینا افراد کو صوتی تسجیلات کی سماعت کے ذریعے، جب کہ قوتِ سماعت سے محروم افراد کو محسوس طور پر بصری تصورات کا مشاہدہ کرتے ہوئے سیرت النبی ﷺ کے بہت سے پہلوؤں سے آشنا کروایا جا سکتا ہے۔

ہ: اس کے ساتھ ساتھ اس پورے منصوبے کا ایک اہم ہدف یہ بھی ہوگا کہ مختلف طبقاتِ فکر کی ضرورتوں کو پیش نظر رکھتے ہوئے ان کے سامنے سیرت کا وہ پہلو پیش کیا جائے جو ان سے زیادہ متعلق ہے، مثلاً تاجر حضرات کے لیے، کاروباری طبقے کے لیے، ملازمت پیشہ افراد کے لیے، یا اصحابِ منصب کے لیے۔

## سیرت گھر

ان اہداف کی روشنی میں ہم اپنے اس مجوزہ منصوبے کو "سیرت گھر" کا جامع عنوان دے سکتے ہیں۔ آج کے تجربات اور موجود ٹیکنالوجی کے ذریعے اب یہ ممکن ہو گیا ہے کہ سیرت گھر یا سیرت میوزیم میں جدید سمعی و بصری عناصر کو شامل کر کے ایک ایسا ماحول تخلیق کیا جا سکے، جو ماضی کی جھلک دکھانے کے ساتھ ساتھ سیرت کے

اسباق کو گہرائی سے سمجھنے میں مدد دے، اور کسی بھی وجہ سے پیدا ہونے والے مسائل کا حل بھی پیش کرے۔ سیرت گھر بنیادی طور پر درج ذیل اجزا پر مشتمل ہو سکتا ہے اور یہ جدید ذرائع اس مقصد کے حصول میں مددگار ثابت ہو سکتے ہیں:

## ۱- ماڈلز

اس کے تحت عہد نبوی کے بنیادی واقعات، خصوصاً رسول اللہ ﷺ کے اسفار، غزوات وغیرہ کے محل و قوع، عہد نبوی میں مسجد الحرام اور مسجد نبوی کی ممکنہ شکلیں، قبائل، قوموں، ریاستوں کا محلِ وقوع۔ مختلف مقامات میں داخلے اور خروج کے عہد نبوی میں موجود راستوں کی تفصیلات وغیرہ۔ یہ تمام چیزیں فزیکل ماڈلز کے ذریعے بیان کی جائیں۔[۵] نیز نبی کریم ﷺ کے زمانے کے مکّہ اور مدینہ کے تھری ڈی ماڈلز بنا کر زائرین کو دکھایا جا سکتا ہے کہ اس وقت کے مکانات، مساجد، اور قریش کے گھر کیسے ہوا کرتے تھے۔

## ۲- تصویری گیلری

عہد نبوی کی بہت سی علامتیں قریب کے زمانے تک محفوظ رہی ہیں، بعد ازاں وہ بہت سی وجوہ سے اپنی اصل حالت پر محفوظ نہیں رہ سکے، لیکن ان کی مستند تصاویر اب بھی کسی حد تک موجود ہیں۔ انھیں اس ترتیب سے آویزاں کیا جا سکتا ہے کہ سیرت طیبہ کے مختلف پہلوؤں کی کسی حد تک ایک شکل واضح ہو سکے، اور آنے والی نسلوں کو اس دور کے تہذیب و تمدن اور رہن سہن سے آشنا کرایا جا سکے۔ مختلف تحقیقی سروے بھی اس امر کے قائل ہیں کہ قدیم تصاویر سے تہذیب کی شناخت اور قدیم دور کے بنیادی خدوخال سے آگاہی آسان ہوتی ہے۔[۶] اگر قدیم ترین مصری تہذیب کو دیکھا جائے تو اس کی بنیادی معاشرتی اور مذہبی معلومات کے حصول میں بھی اس دور کی

---

۵- اس حوالے سے متعدد تحقیقیں موجود ہیں کہ تاریخی مقامات کو وژیولائزیشن کے ذریعے سمجھنا آسان اور زیادہ مفید ہوتا ہے۔ ملاحظہ کیجیے:

Heer, Jeffrey & Mackinlay, Jock & Stolte, Chris & Agrawala, Maneesh. (2008). Graphical Histories for Visualization: Supporting Analysis, Communication, and Evaluation. IEEE transactions on visualization and computer graphics. 14.
https://www.researchgate.net/publication/23456175

6. Setiadi, Criscentia. (2017).The Significance of Photography as Archives and Cultural Memory. Humaniora. 8. 175.
https://www.researchgate.net/publication/323481572

مصوری سے ہی کلیدی مدد حاصل کی گئی ہے۔[۷]

## ۳۔ نقشے

دنیا تغیر پذیر ہے، یہی وجہ ہے کہ قصبوں، شہروں بلکہ ملکوں تک کے سفری مقامات گزرتے وقت کے ساتھ ساتھ تبدیل ہوتے رہتے ہیں اور پھر آج سے تین صدی قبل چھوٹے قصبوں کی باقاعدہ تعمیراتی منصوبہ بندی نہ ہونے کے سبب راستے تبدیل بھی ہوتے رہے ہیں۔اس لیے آج کے نقشے ماضی کے نقشوں سے مختلف بھی ہو سکتے ہیں، لیکن اس حوالے سے بھی سیرت طیبہ ﷺ کا اعجاز یہ ہے کہ عہد نبوی کے راستے اور محلِ وقوع اپنی پوری تفصیلات کے ساتھ موجود ہیں[۸] لہٰذا اس سیرت گھر کے ذریعے عہدِ نبوی کے اسفار کے راستوں، غزوات و سرایا کے مقامات وغیرہ کو نقشوں کے ذریعے بھی نمایاں کیا جا سکتا ہے۔اب جدید سہولتوں سے استفادہ کرتے ہوئے ان کی تھری ڈی تصاویر بھی تیار کرنا دشوار نہیں رہا۔[۹]

## ۴۔ عہد نبوی میں استعمال کی چیزیں

یعنی رسول اللہ ﷺ کے زیر استعمال چیزیں کیسی تھیں ان کی شکل، ان کا وزن، ان کی ہیئت وغیرہ کیا تھی۔کچھ چیزیں تو سہولت سے بنالی گئی ہیں، مثلاً صاع، زرہ، وغیرہ وغیرہ، کچھ دنیا میں کسی نہ کسی حد تک موجود ہیں، ان کی نقل تیار کرنا آسان ہے، مثلاً تیر، تلواریں، زرہیں وغیرہ۔

## ۵۔ عہد نبوی کے اہم عہدے داروں کا تعارف

رسول اللہ ﷺ کے نمائندوں، امرا، سفرا، کاتبین وغیرہ کی فہرستیں مختصر تفصیل کے ساتھ ایسے آویزاں کی جا سکتی ہیں کہ انھیں دیکھ کر کسی حد تک تفصیلات ذہن نشین ہو سکیں۔

---

❖ 7– Method in Ancient Egyptian Painting.” Artists and Colour in Ancient Egypt, Proceedings of the colloquium held in Montepulciano, August 22nd – 24th, 2008. Edited by Valérie Angenot and Francesco Tiradritti. Monografie Poliziane di Egittologia 1. Montepulciano: Missione Archeologica Italiana a Luxor, 2016. https://www.researchgate.net/publication/320616584

8. Al Awaisi, Khalid (2017), Mapping the Sacred: The Haram Region of Makkah: Milal ve Nihal 14 (2). https://isamveri.org/pdfdrg/D03200/2017_2/2017_2_AWAISIK.pdf

9. Atoyan, Ruben & German, Anna. (2017). New Technologies in 3D Mapping. Bulletin of Geography. Physical Geography Series. 12. Page: 31-40. https://www.researchgate.net/publication/318180929.

## ۶- سیرت نگاری کی تاریخ اور ارتقا کی تفصیلات

سیرت نگاری کے بارے میں تفصیلات بھی مختلف حصوں میں تقسیم کر کے دیواروں پر، بڑی ٹچ اسکرینوں کے ساتھ آویزاں ہو سکتی ہیں، بٹن دبا کر دل چسپی رکھنے والے حضرات مزید تفصیل سہولت سے جان سکتے ہیں۔ اس حصے کو اس طرح مزید حصوں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے:

الف: ابتدائی عہد کے مصادرِ سیرت

ب: عہد متوسط کی کتبِ سیرت

ج: عہد آخر کی سیرت نگاری

د: عہد جدید، آخری ایک صدی کے سیرتی رجحانات

ھ: اردو سیرت نگاری

ان میں کتب کی تفصیل اور مطبوع کتب کے سر ورق وغیرہ بھی دل چسپی کے لیے آویزاں کیے جاسکتے ہیں۔ علاوہ ازیں ان کتب کو سیرت گھر کی فزیکل اور ڈیجیٹل لائبریری کا حصہ بنا کر محققین کے لیے آسانی پیدا کی جا سکتی ہے۔

و: سیرت نگاران، یہ ایک الگ دل چسپی کا موضوع ہو گا۔

## ۷- ورچوئل، آگمینٹڈ اور ہولوگرافک ٹیکنالوجی کا استعمال

ورچوئل ریئیلٹی کے ذریعے زائرین کو اس قابل بنایا جا سکتا ہے کہ وہ ایک چشم دید گواہ کے طور پر نبی کریم ﷺ کے عہد کے مختلف مناظر دیکھ سکیں، اس حوالے سے ایسی ورچوئل وڈیو فائلز تیار کی جائیں گی جس میں شرکا سیرت کے مختلف پہلوؤں کو قریب سے محسوس کریں، جیسے کہ:

## مکہ کی گلیاں اور بازار

زائرین محسوس کر سکیں گے کہ وہ مکّہ کے بازاروں میں چل رہے ہیں اور اس ماحول کو قریب سے دیکھ رہے ہیں۔ علاوہ ازیں بازاروں میں کاروبار کی مختلف شکلوں، اقسام اور عہدِ نبوی کی کرنسی اور پیمانوں کا مشاہدہ بھی قریب سے ممکن ہو پائے گا۔ جس سے نہ صرف بہت سے اصولِ فقہ، بلکہ تجارت کے کئی ایک پہلو بھی واضح ہو سکیں گے۔

## ہجرت کا سفر

ہجرتِ نبوی کے مراحل کو ایک ورچوئل ریئلٹی میں ڈھال کر دیکھنے اور استفادہ کرنے والوں کے لیے اسے ایک عملی تجربے کی شکل بھی دی جا سکتی ہے، البتہ اس میں ان مقدس ہستیوں کی تصویر کشی یا خاکے سے اجتناب کا پہلو بہ ہر صورت مدِ نظر رکھا جانا چاہیے، ایسی ورچوئل ٹیکنالوجیز میں ہر پہلو کو مدِ نظر رکھتے ہوئے استفادہ کرنا آج کے دور میں مشکل نہیں۔

## مدینے کا معاشرہ

مسجد نبوی کی تعمیر، مہاجرین اور انصار کا تعلق، اور دیگر اہم واقعات کو ورچوئل ریئلٹی کے ذریعے پیش کیا جاسکتا ہے۔ مسجد نبوی عہدِ نبوی اور عہدِ خلفاے راشدین کا ایک اہم مرکز تھا، جس میں نماز کی ادائی کے ساتھ بہت سے امور جیسے تعلیم و تربیت، عدالتی کارروائیاں، مشاورت اور رفاہی سرگرمیاں انجام دی جاتی تھیں، ان تمام سرگرمیوں کا قریب سے مشاہدہ معاشرے میں مسجد کی اہمیت اور اس کے درست استعمال کی آگاہی فراہم کرنے میں بھی معاون ثابت ہو گا۔ اسی طرح صحابہ کرام کی آپس میں اخوت و محبت کے مختلف پہلو بھی سامنے آئیں گے، جس سے معاشرے کے مختلف طبقات اور افراد کے ساتھ تعامل و تصرف کی تعلیمات بھی واضح ہوں گی۔

## اہم واقعات کی تمثیل

ہولوگرافک ٹیکنالوجی [۱۰] کے ذریعے سیرت النبی ﷺ کے تاریخی واقعات کو جدید انداز میں پیش کیا جاسکتا ہے، مثلاً مسجد نبوی کی تعمیر، ہجرت کا سفر، اور خطبہ حجۃ الوداع، اور دیگر واقعات مثلاً غزوات و سرایا وغیرہ کی تمثیل۔

---

۱۰۔ ہولوگراف ٹیکنالوجی ایک جدید ترین طریقہ ہے جس کے ذریعے کسی بھی چیز کی سہ جہتی (تھری ڈائمینشنل) تصویر بنائی جاسکتی ہے۔ یہ تصویر بالکل اصلی نظر آتی ہے اور دیکھنے والے کو محسوس ہوتا ہے کہ وہ چیز اس کے عین سامنے موجود ہے۔ اس کا کسی بھی ثقافتی ورثے کی تمثیل کے طور پر استعمال سمجھنے کے لیے ملاحظہ کیجیے:

Tang, Taixiang & Zhang, Huihua. (2023). An Interactive Holographic Multimedia Technology and Its Application in the Preservation and Dissemination of Intangible Cultural Heritage. International Journal of Digital Multimedia Broadcasting. 2023.
https://www.researchgate.net/publication/375125202

## خلاصہ

در حقیقت یہ سیرت گھر ایک منفرد تجربہ ہو گا، جس کے ذریعے سیرتِ طیبہ کو سمعی، بصری اور صوتی طریقوں سے جاننے کا موقع فراہم کیا جائے گا۔

اس مقصد کے حصول کے لیے سیرت گھر (میوزیم) کے تصور کو واضح سمجھنا ہو گا اور اس بات کا جائزہ لینا ہو گا کہ ایک ایسا سیرت میوزیم کس طرح تشکیل دیا جا سکتا ہے، جو سمعی و بصری ذرائع کے ذریعے نبی کریم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کی حیاتِ طیبہ کو زندہ انداز میں پیش کرنے میں کام یاب ہو سکے۔ اس منصوبے میں اسلامی اقدار اور شعائر کا تحفظ بھی ملحوظِ خاطر رکھنا ضروری ہے، اس کے لیے علمائے کرام، سیرت نگاران کے ساتھ ساتھ متعلقہ ٹیکنالوجی کے ماہرین سے مشاورت کے بعد عملی اقدام کی طرف جایا جا سکتا ہے۔

عجائب گھر یا میوزیم کا بنیادی مقصد کسی مخصوص موضوع سے متعلق اشیا اور معلومات کو ترتیب دے کر اس طرح پیش کرنا ہے کہ اس کے ذریعے دیکھنے والوں کو اس مخصوص موضوع سے متعلق علم و شعور فراہم کیا جا سکے۔ چناں چہ سیرتِ نبوی کے لیے ایک مخصوص عجائب گھر ایسا پلیٹ فارم ہو گا جہاں زائرین کو نہ صرف معلومات فراہم کی جائیں گی، بلکہ وہ ایک عملی تجربے کے ذریعے نبی کریم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کی سیرت کو محسوس بھی کر سکیں گے۔ اور جدید ٹیکنالوجی کے امتزاج سے سیرت النبی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کے ہر شعبے کی بہتر تعلیم فراہم کی جا سکتی ہے۔

# List of Sources in Roman Script


- Al Qur᾽an.
- Eberhard, K. "The effects of visualization on judgment and decision-making: a systematic literature review, Management Review Quarterly 73, (2023): 167–214.
- Sharma, Vinod. "Visualization - an Amazing Process to Remember Permanently. Shodh Kosh" in Journal of Visual and Performing Arts. 5, (2024).
- Kosminsky, Doris & Walny, Jagoda & Vermeulen, Jo & Knudsen, Søren & Willett, Wesley & Carpendale, Sheelagh. "Belief at first sight: Data visualization and the rationalization of seeing" in Information Design Journal. 25, (2019): 43-55.
- Heer, Jeffrey & Mackinlay, Jock & Stolte, Chris & Agrawala, Maneesh. "Graphical Histories for Visualization: Supporting Analysis, Communication, and Evaluation. IEEE transactions on visualization and computer graphics. 14, (2008).
- Setiadi, Criscentia. "The Significance of Photography as Archives and Cultural Memory. Humaniora. 8, (2017): 175.
- Method in Ancient Egyptian Painting." Artists and Colour in Ancient Egypt, Proceedings of the colloquium held in Montepulciano, August 22nd – 24th, 2008. Edited by Valérie Angenot and Francesco Tiradritti. Monografie Poliziane di Egittologia 1. Montepulciano: Missione Archeologica Italiana a Luxor, 2016.
- Al Awaisi, Khalid, Mapping the Sacred: The Haram Region of Makkah: Milal ve Nihal 14, (2017): 2.
- Atoyan, Ruben & German, Anna. "New Technologies in 3D Mapping" in Bulletin of Geography. Physical Geography Series 12, (2017): 31-40.

- ❖ Tang, Taixiang & Zhang, Huihua. "An Interactive Holographic Multimedia Technology and Its Application in the Preservation and Dissemination of Intangible Cultural Heritage" in International Journal of Digital Multimedia Broadcasting. 2023.
- ❖ https://www.researchgate.net/publication/375125202
- ❖ https://link.springer.com/article/10.1007/s11301-021-00235-8
- ❖ https://www.researchgate.net/publication/384194735
- ❖ https://www.researchgate.net/publication/340052969
- ❖ https://www.researchgate.net/publication/23456175
- ❖ https://www.researchgate.net/publication/323481572
- ❖ https://www.researchgate.net/publication/320616584
- ❖ https://isamveri.org/pdfdrg/D03200/2017_2/2017_2_AWAISIK.pdf
- ❖ https://www.researchgate.net/publication/318180929